8۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت لسٹڈ کمپنی نقد منافع منقسمہ برقی ذرائع سے براہِ راست اہل حصص یافتگان کے نامزدہ کردہ اکاؤنٹ میں منتقل کرے گی۔ ایس ای سی پی کے نوٹیفیکشن SRO1145(I)/2017 کے تحت کمپنیز (ڈیویڈنڈز کی ڈسٹری بیوشنز) ریگولیشنز 2017 بھی جاری کیا ہے جس کے تحت نقد منافع منقسمہ کی برقی ذرائع سے براہِ راست اہل حصص یافتگان کے نامزدہ کردہ اکاؤنٹ میں منتقلی وادائیگی کیلئے شیئر ہولڈرز اپنے نامزدکردہ بینک اکاؤنٹ کی متعلقہ معلومات کی فراہمی کا ذمہ دار ہوگا۔

اس ضمن میں، بینک نے اپنے شیئر ہولڈرز کو انفرادی خطوط بشمول اخباری اشاعت کے ذریعے سے پہلے ہی مطلع کردیا ہے، جس میں نقد منافع منقسمہ کی برقی ذرائع سے وصولی کیلئے ان کے متعلقہ نامزد کردہ بین الاقوامی اکاؤنٹ نمبر ("IBAN") کی فراہمی کی درخواست کی گئی ہے۔ لہٰذا، شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ بینک ہٰذا کے سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس اور بینک کی ویب سائٹ www.bankislami.com.pk پر دیئے گئے خط کی تمام ضروریات کو مکمل پُر کریں اور اسے بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کو ارسال کردیں۔ شیئرز کے بُک انٹری سیکیورٹیز میں واقع ہونے کی صورت میں مذکورہ بالا معلومات کی بذریعہ سی ڈی ایس شرکاء سینٹرل ڈپازٹری سسٹم ("CDS") کو ضرورت درپیش ہوگی۔ (اگر درکار معلومات پہلے ہی فراہم کردی گئی ہیں تو براہِ کرم اسے نظرانداز کردیں)۔

**9۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی :**

اس سالانہ عام اجلاس کیلئے، مندرجہ ذیل شرائط کے تحت، لاہور اور اسلام آباد میں بھی ارکان وڈیو کانفرنس کی سہولت سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں۔
اگر بینک وڈیو کانفرنس میں شرکت کیلئے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 10 دن قبل، ایک جغرافیائی مقام پر مقیم ارکان کی طرف سے مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگز رضامندی حاصل کرتا ہے، تو بینک ہٰذا متعلقہ شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گا، یہ اس شہر میں ایسی کسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔

کمپنی مکمل ضروری معلومات کے ساتھ وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے حوالے سے ایسی کسی سہولت تک ممکنہ رسائی کے حصول اور اسے قابل عمل بنانے کیلئے ارا کین کو اجلاس عام کی تاریخ سے پہلے کم از کم 5 روز قبل مطلع کرے گی۔
اس ضمن میں، وہ ارا کین جو لاہور اور اسلام آباد میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے سے شرکت کے خواہشمند ہیں، انہیں اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 10 روز قبل بینک ہٰذا کے رجسٹرڈ پتے پر درج ذیل فارمیٹ کے مطابق اپنے دُہرے دستخطوں کے ساتھ درخواست ارسال کرنا چاہیئے۔

میں / ہم ـــــــــــــــــــــــ ساکن ــــــــــــــــــــــــــــ، بحثیت رکن بینک اسلامی پاکستان لمیٹڈ، ــــــــــــ آرڈینری شیئر (ز) کا مالک، بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر ـــــــــــــــ، بمقام ــــــــــــــــــــــ پر بذریعہ وڈیو کانفرنس کی سہولت کے حصول کا انتخاب کرتا ہوں / کرتے ہیں۔

ارکان کے دستخط ـــــــــــــــــــــــ

## نوٹس:

1۔ ممبران کا رجسٹر 21 مارچ 2019 سے 27 مارچ 2019 (بشمول دونوں دن) بند رہے گا۔

2۔ ایک رکن جو اجلاسِ ہٰذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔

3۔ مئوثر ثابت ہونے کیلیئے پراکسیز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ پتہ پر موصول ہونا ضروری ہے۔

4۔ سینٹرل ڈپازیٹری آف پاکستان (سی ڈی سی) اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جارہ کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 کی مقرر کردہ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

### اجلاس میں شرکت کے لئے:

(i) ایسا فرد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ایسے کسی شخص کو جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی شکل میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات، سی ڈی سی کے ضوابط کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اصل موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی (اگر پہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں تو) جس کے ساتھ نامزد کردہ کے دستخط کے نمونے بھی منسلک ہوں، فراہم کرنا ہوں گے۔

### پراکسی کے تقرر کے لئے:

(i) ایسا فرد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ایسے کسی شخص کو جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی شکل میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات، سی ڈی سی کے ضوابط کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کیلیئے درج بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کروانا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم پر کم از کم دو گواہوں کے دستخط مع نام، پتہ اور موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ثبت ہونا چاہیئے۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ اصل حقدار اور پراکسی کے موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول بھی منسلک ہونا چاہیئں۔

(iv) اجلاس کے وقت پراکسی کو اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں کمپنی کے پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی (اگر پہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں تو) جس کے ساتھ نمونے بھی منسلک ہونا چاہیئں۔

5۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی سے، اگر کوئی ہو، بینک کے شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، سینٹرل ڈپازیٹری آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی 0-7440 کو فوری طور پر مطلع کردیں۔

6۔ SECP نے بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر SRO 470(I)2016 مورخہ 31 مئی 2016 بینک ہٰذا کو یہ اجازت دی ہے کہ وہ سال ختتمہ 31 دسمبر 2017 کی سالانہ آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ، مذکورہ سالانہ اکاؤنٹس کو شیئر ہولڈرز کو ہارڈ کاپیوں کی بجائے بذریعہ برقی ذرائع سے سی ڈی/ڈی وی ڈی کی صورت میں ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کرسکتا ہے۔ تاہم شیئر ہولڈرز کمپنی سیکریٹری سے رجسٹرڈ پتہ 11th فلور، ایگزیکٹو ٹاورز، ڈالمین سٹی، میرین ڈرائیو، بلاک 4، کلفٹن کراچی پر آڈٹ شدہ سالانہ اکاؤنٹس کی سی ڈی/ڈی وی ڈی کے بجائے ہارڈ کاپیوں کی صورت میں فراہمی کیلیئے درخواست کرسکتا ہے، جو ان کے رجسٹرڈ پتہ پر مطالبے کے ایک ہفتے کے اندر بلا معاوضہ فراہم کردی جائے گی۔ اس سلسلے میں بینک کی ویب سائٹ پر شیئر ہولڈرز کیلیئے ایک درخواست فارم آویزاں کیا گیا ہے، جس کے ذریعے سے وہ آڈٹ شدہ سالانہ اکاؤنٹس کی سی ڈی/ڈی وی ڈی کے بجائے ہارڈ کاپیوں کی ضرورت کی بابت درخواست کرسکتے ہیں۔ ایک شیئر ہولڈر کو بھی آئندہ آڈٹ شدہ سالانہ اکاؤنٹس کی ہارڈ کاپیوں کی فراہمی کیلیئے ترجیح دی جاتی ہے۔

7۔ جو شیئر ہولڈرز اپنے فزیکل شیئرز کو سی ڈی سی اکاؤنٹ میں منتقل کروانا چاہتے ہیں وہ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ براہِ راست سی ڈی سی کے ساتھ کھلوا سکتے ہیں۔ یہ سہولت مختلف طریقوں سے شیئر ہولڈرز کو فائدہ دے گی جیسے کہ شیئرز کا تحفظ اور ان کی فروخت وغیرہ کی آسانی (جس وقت وہ چاہیں)، اسٹاک ایکسچینج کے لاگو قواعد وضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔ مزید برآں کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق ایس ای سی پی کی جانب سے مطلع کردہ تاریخ سے ایکٹ کے نفاذ سے، ایک کمپنی جو شیئر کیپیٹل کی حامل ہو صرف بُک انٹری فارم میں شیئر ہوں گے۔ ہر موجودہ کمپنی کو ایس ای سی پی کی جانب سے مطلع کردہ تاریخ سے ایکٹ کے نفاذ کے اندر جو کہ چار سال سے زائد نہ ہو، اس کے فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم سے تبدیل کرنے کی ضرورت درپیش ہوگی۔

بینک اسلامی

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ بینک اسلامی پاکستان لمیٹڈ کے ارکان کا 15 واں سالانہ اجلاسِ عام انشاءاللہ بروز بدھ، مورخہ 27 مارچ 2019ء بوقت صبح 10:30 بجے بمقام ریجنٹ پلازہ ہوٹل اینڈ کنونشن سینٹر، شاہراہِ فیصل، کراچی میں منعقد کیا جائے گا۔ جس میں مندرجہ ذیل امور انجام دیئے جائیں گے:

**عمومی اُمور:**

1۔ بینک کے 28 اپریل 2018 کو منعقد ہونے والے 14 ویں سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ بینک کے 31 دسمبر 2018 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لئے سالانہ آڈٹ شدہ کھاتوں اور حسابات مجموعی کو آڈیٹرز، ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور چیئرمین ریویو کے ساتھ وصولی، غوروخوض اور ان کی منظوری دینا۔

3۔ بینک کے 31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضوں کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز، EY Ford Rhodes چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سبکدوش ہورہے ہیں اور اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کے لئے خود کو پیش کرتے ہیں۔

**دیگر اُمور:**

4۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

**محمد شعیب**
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 6 مارچ 2019